صرف سترِ عورت چھپا کر نماز پڑھی تو کیا حکم ہے؟

مجیب: ابوصدیق محمد ابوبکر عطاری

فتوی نمبر: WAT-1661

تاریخ اجراء: 29 شوال المکرم 1444ھ/20 مئی 2023ء

دارالافتاء اہلسنت

(دعوت اسلامی)

سوال

ستر عورت یعنی مرد کا ناف سے لے کر گھٹنے تک (اس میں گھٹنا بھی شامل ہے) جسم کا حصہ چھپانا فرض ہے، میرا سوال یہ ہے کہ کسی نے جان بوجھ کر گھر میں صرف اتنا حصہ ہی چھپا کر نماز پڑھی، بقیہ سارا جسم ننگا تھا تو اس کی نماز کا کیا حکم ہو گا؟

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِیْمِ

اَلْجَوَابُ بِعَوْنِ الْمَلِكِ الْوَهَّابِ اَللّٰهُمَّ هِدَايَةَ الْحَقِّ وَ الصَّوَابِ

مرد نے کپڑے ہوتے ہوئے بلاوجہ شرعی جسم کا صرف ستر والا حصہ چھپا کر نماز پڑھی اور اوپر والا سارا جسم ننگا تھا تو نماز کا فرض تو ساقط ہو گیا۔ البتہ! نماز مکروہ تحریمی ہوئی یعنی اس طرح نماز پڑھنا گناہ ہے، جس سے توبہ کرنا اس پر لازم ہے اور اس کا اعادہ (لوٹانا) لازم ہے۔ اور اگر اس کا اعادہ نہ کیا تو دوسرا گناہ ہو گا۔

سیدی امام اہلسنت امام احمد رضا خان فاضل بریلوی نور اللہ مرقدہ فرماتے ہیں: "صرف پائجامہ پہنے بالائی حصّہ بدن کا ننگا رکھ کر نماز بایں معنٰی تو ہو جاتی ہے فرض ساقط ہو گیا، مگر مکروہ تحریمی ہوتی ہے۔ واجب ترک ہوتا ہے فاعل گنہگار ہوتا ہے اس کا پھیرنا گردن پر واجب رہتا ہے نہ پھیرے تو دوسرا گناہ سر پر آتا ہے، ہاں اگر اتنے ہی کپڑے کی قدرت ہے تو ایسی محتاجی میں مجبوری و معافی ہے۔ رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم فرماتے ہیں:

"لا یصلّی احدکم فی الثوب الواحد لیس علی عاتقه من شیئ۔" رواہ شیخان عن ابی ھریرۃ رضی اللہ تعالٰی عنه۔ "(تم میں کوئی شخص ایک ہی کپڑا اس طرح پہن کر نماز نہ پڑھے کہ کندھے پر اس کا کوئی حصہ نہ ہو۔ اسے امام بخاری و مسلم نے ابوہریرہ رضی اللہ تعالٰی عنہ سے روایت کیا۔)

خطیب بغدادی جابر بن عبداللہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے راوی: "نھی رسول اللہ صلی اللہ تعالٰی علیہ وسلم عن الصلوۃ فی السراویل وحدہ" (یعنی صرف پائجامہ پہن کر نماز پڑھنے سے رسول اللہ صلی اللہ تعالیٰ علیہ وسلم نے منع فرمایا۔)

خلاصہ وہندیہ وغیرہما میں ہے: لوصلی مع السراویل والقمیص عندہ یکرہ۔ (اگر کسی نے فقط شلوار میں نماز ادا کی حالانکہ اس کے پاس قمیص موجود ہو تو نماز مکروہ ہوگی۔)" (فتاوی رضویہ، جلد6، صفحہ642تا643، رضافاؤنڈیشن، لاہور)

وَاللہُ اَعْلَمُ عَزَّوَجَلَّ وَرَسُوْلُہ اَعْلَم صَلَّی اللہُ تَعَالٰی عَلَیْہِ وَاٰلِہٖ وَسَلَّم

Dar-ul-IftaAhlesunnat (Dawat-e-Islami)
www.daruliftaahlesunnat.net
daruliftaahlesunnat
DaruliftaAhlesunnat
Dar-ul-ifta AhleSunnat
feedback@daruliftaahlesunnat.net